فِیۡهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ (القرآن)

بزرگان مارہرہ مطہرہ و بریلی شریف کے اعمال کا لاجواب انتخاب

مسمّٰی باسم

بیاضِ نوری قدسی

۱۴۰۳ھ

از افادات

حکیم الاسلام پیر طریقت علامہ الحاج مفتی مظفر احمد قادری

مہتمم جامعہ مظفریہ برکات العلوم داتا گنج

حسب فرمائش

مجاہد سنیت مولوی صوفی محمد فاضل صاحب رضوی القادری بریلوی

مولوی شکیل احمد (طابع و ناشر) قادری

مکتبہ رضویہ منوریہ ۔ جامعہ مظفریہ برکات العلوم داتا گنج ضلع بدایوں شریف (یوپی)

نوٹ: جملہ نقوش و کتبات تصانیف علمائے اہلسنت جامعہ مظفریہ داتا گنج ضلع بدایوں یوپی سے طلب کریں

فہرست مضامین کتاب ہٰذا

عرضِ حال

باسمہٖ سبحانہٗ وتعالیٰ

فقیر قادری کے پاس محب گرامی مولوی محمد فاضل صاحب فتح گنجوی تشریف لائے (جو عملیات پر کافی عبور رکھتے ہیں) کہا کہ مفتی صاحب آپ نے کافی کتابیں لکھی ہیں میں چاہتا ہوں کہ آپ نقوش و عملیات پر بھی ترتیب دیں چونکہ سُنّی مسلمان جس دورِ غربت وابتلائے معصیت سے گذر رہے ہیں وہ کوئی چھپی بات نہیں ہے جو سخت ترین قلبی اذیت اور روحانی تکلیف کا باعث ہے اگر وہ بزرگانِ دین کے نقوش عملیات پر عمل پیرا ہوں تو یقیناً سکون و راحت کا سبب بنیں غرض موصوف سلمہٗ کے کہنے پر نہایت عجلت میں بزرگان مارہرہ مطہرہ جو ہمارا مرکز روحانیت ہے ان کی تصانیف سے اور عارف باللہ احسن العلماء علامہ سیّد شاہ حسن میاں صاحب قبلہ مارہروی کے عطا کردہ اور مجدد اعظم سیدی اعلیحضرت و قطب عالم سیدی مفتی اعظم بریلوی علیہما الرحمہ کے مستخرجہ و عطا کردہ نقوش وغیرہ ہدیۂ ناظرین ہیں۔ ان

ان تمام نقوش وغیرہ کی سُنّی بھائیوں کو اجازت ہے مگر ناجائز امور کے لیے قلم نہ اُٹھائیں فقیر نے اخیر میں کچھ نسخہ جات بھی درج کر دیئے ہیں جو کہ نہایت مفید و نافع ہیں۔ فقیر اس کتاب کا تاریخی نام "بیاضِ نوری قدیری" رکھتا ہے۔

۱۴۰۳

اہل سنت اکتساب فیض کرتے ہوئے اس فقیر سراپا تقصیر کو دعائے
خیر سے یاد کریں اور سہو نسیان پانے پر اصلاح کر کے مطلع کریں۔ خدائے
تعالیٰ اس کو مفید و نافع فرمائے۔ آمین بجاہ طٰہٰ
ویٰسٓ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلٰی آلہٖ واصحابہ وبارک
وسلم۔

آپ کا

محمد مظفر احمد قادری عفی عنہ

خادم جامعہ مظفریہ و درگاہ قادریہ منوریہ

محلہ غوث نگر داتا گنج

۱۱ ربیع الآخر ۱۴۰۳ھ
۱۹۸۳ء

نام کتاب — بیاض نوری قدیری ۱۴۰۳ھ
نام مصنف — حکیم الاسلام مفتی مظفر احمد قادری مدظلہ العالی
تاریخ وسن طباعت — ۱۴۰۳ھ ۱۹۸۳ء
بار اوّل — دو ہزار
قیمت — ۲/۵۰
طابع وناشر — مکتبہ رضویہ منوریہ داتا گنج ضلع بدایوں شریف
کاتب — محمد عمر صدیقی

شرف انتساب

احقر اپنی اس ترتیب کو امیر کشور ولایت
اسد العارفین حضرت سید شاہ حمزہ مارہروی
وامام اہل سنت حضرت علامہ محبّ رسول بدایونی
و مجدد اعظم سیدی اعلیحضرت بریلوی وفیض العارفین
شاہ منور حسین صدیقی داتا گنجوی علیہم الرحمہ
کے نام سے معنون کرتا ہے جن کا فیضان کرم
ہی میرا سب کچھ ہے

محتاج کرم :- مظفر احمد غفر لہ الصمد

ملنے کے پتے
جامعہ مظفریہ برکات العلوم داتا گنج ضلع بدایوں شریف یوپی پن ۲۴۳۶۳۵
مکتبۃ الحبیب جامعہ حبیبیہ مسجد اعظم نمبر ۱۲ اتر سوئیاں الہ آباد نمبر ۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

الحمد للہ العزیز الکریم والصلوٰۃ والسلام علی
حبیبہ الرؤف الرحیم ۔ وعلینا معھم ولھم وفیھم
رحمتک یا ارحم الراحمین ۔

غوثِ اعظم بمن بے سر و ساماں مددے
قبلۂ دیں مددے کعبۂ ایماں مددے

صلوٰۃ العاشقین مجدد برکاتیت امام التارکین قدوۃ العارفین،
تاج العلماء حضرت علامہ مرشدی سید شاہ محمد میاں اولاد رسول مارہروی
قدس سرہ اپنی کتاب مستطاب اصح التواریخ جلد اول میں تحریر فرماتے
ہیں کہ چار رکعت اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا ہونے کے لیے آدھی رات
گذر جانے پر پڑھے ۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پڑھے
اس کے بعد پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص شریف
پڑھے اور اس کے بعد پہلی رکعت میں ۱۰۰ مرتبہ یا اللہ دوسری رکعت میں
۱۰۰ بار یا رحمٰن تیسری میں ۱۰۰ بار یا رحیم چوتھی میں ۱۰۰ بار
یا ودود پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ننگے سر کھڑے ہو کر یا اللہ
یا رحمٰن یا رحیم یا ودود ۱۰۰ بار کہہ کر بیٹھے اور اب ۱۰ بار درود
شریف پڑھ کر یہ مناجات پڑھے الٰہی دلِ مارا روشن گرداں باطن مارا منور
گرداں در آباد اقوال مونس خویش گرداں واز غیر خویش بیزار گرداں

بِفَضْلِكَ وَكَرَمِكَ وَبِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۔ یہ نماز ایک بھید ہے اللہ تعالیٰ کے رازوں میں سے اور اس کا ثواب بکرمہٖ تعالیٰ بہت بڑا ہے جو اسے آدھی رات میں نہ پڑھ سکے تو وہ عشاء کی نماز کے بعد جب چاہے پڑھے۔

زیارت نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ اگر کوئی شخص حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اچھی باتیں دریافت کرنا چاہے تو اسے چاہیے کہ مہینے کے پہلے جمعہ کی رات غسل کرے اور عشاء کی نماز کے بعد سورۃ مزمل شریف ایک بار پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ایک ہزار بار درود شریف پڑھے پھر باوضو سو رہے جب خواب میں زیارت جمال مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشرف ہو تو جو چاہے عرض کرسکتا ہے مگر یہ ضرور ہے کہ نیک ہی کام عرض کرے۔

نماز کی توفیق ملنے کے لئے یہ اسم شریف روزانہ ۱۴۱ مرتبہ پڑھے یَا کَلْکَائِیْلُ بِحَقِّ جَبَّارِ الَّذِیْ خَضَعَ کُلُّ جَابِرٍ بِجَبَرُوْتِہٖ یَا کَلْکَائِیْلُ۔

برائے جملہ مہمات ۔ اگر کوئی کسی کو ایسی حاجت یا ایسا غم پیش آئے جو کسی طرح دور نہ ہوتا ہو تو اسے چاہیے کہ یہ دعا جمعرات کے دن صبح کے وقت پڑھے دس روز اسے پڑھتے نہ گزریں گے کہ بحکمہٖ تعالیٰ اس کی حاجت برآئے گی شیخ الاسلام شیخ الشیوخ شیخ عبدالقادر جیلانی فرماتے ہیں

کہ اگر اس کی حاجت روا نہ ہو تو قیامت کے دن اس کا ہاتھ میرے دامن
میں ہو یعنی اس کی حاجت روائی کا میں ضامن ہوں دعا یہ ہے۔
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سُبحٰنَ اللهِ القَادِرِ القَاهِرِ القَوِيِّ
الكَافِي يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ العَلِيِّ العَظِيمِ
وَصَلَّى اللهُ تَعَالیٰ عَلیٰ خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ
بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۔

(اصح التواریخ مصنفہ حضور تاج العلماء مارہروی)

طریقہ ختم قادری: جملہ دینی اور دنیوی ضرورتوں کے لیے اللہ تعالےٰ
کے حکم سے مفید اول درود قادریہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَسَلِّمْ ۱۱۱ بار۔ اور اگر یہ نہ پڑھ سکے
تو اس کی جگہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ پڑھے پھر کلمہ
تمجید ۱۱۱ بار۔ پھر سورۂ اخلاص شریف ۱۱۱ بار۔ پھر سورۂ الم نشرح ۱۰۱
بار (ایکسو ایک بار) اور اس سورت کے شروع کرتے وقت سورۂ یٰس
شریف ایک یا دو یا تین آدمی پڑھیں پھر سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ کے بعد سورۂ
فاتحہ ۱۱۱ بار (ایکسو گیارہ بار) اور یا حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی اعلیٰ
شَیْئًا لِلّٰہ ۱۱۱ بار (ایکسو گیارہ بار پڑھ کر ختم کرے بعد ختم اگر ممکن ہو تو تھوڑی
شیرینی پر ورنہ ویسے ہی حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روح پر فتوح
کا فاتحہ پڑھیں اور اپنی حاجت اللہ تعالیٰ سے طلب کرے۔

(خاندان برکات مصنفہ حضور تاج العلماء)

دینی و دنیوی ہر دشوار سے دشوار حاجت کے پورا ہونیکے لیے

یہ ورد خاندان عالیہ برکاتیہ کے مجربات میں سے ہے بعد نماز مغرب یا عشاء قبلہ رو باوضو اس طرح بیٹھے کہ بایاں گھٹنا بچھالے اور داہنا گھٹنا سیدھا کرکے اس پر اپنی تھوڑی (ٹھڈی) خوب جما کر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف درمیان میں سو بار یہ درود پڑھے سَهِّلْ بِفَضْلِكَ يَا عَزِيْزُ پڑھے مقصد کے حاصل ہونے تک برابر پڑھتا رہے۔

وردِ سیّدنا امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ رات کو کھڑے ہوکر دو یا چار یا چھ جس قدر بھی پڑھ سکے نماز نفل بعجز و نیاز تمام پڑھے پھر اللہ تعالیٰ کے لیے ایک سجدہ بجالائے اور اس میں یہ تسبیح پڑھے عُبَيْدُكَ بِفِنَائِكَ مِسْكِيْنُكَ بِفِنَائِكَ سَائِلُكَ بِفِنَائِكَ فَقِيْرُكَ بِفِنَائِكَ جس قدر پڑھا جائے بحضور قلب تمام پڑھے حضرت طاؤس جو اس ورد کے راوی ہیں فرماتے ہیں قسم اللہ میں نے کسی مصیبت میں اللہ تعالیٰ کو ان الفاظ کے ساتھ نہیں پکارا مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اس مصیبت کو مجھ سے کھول دیا اور دور فرمایا۔

لڑکیوں کا نصیبہ کھلنے کے لیے :- یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سیدنا محمد بارك و سلم یا حلیما لا تعجل و یا کریما لا یبخل یا ذا الجبروت و الملکوت یا ذا الحول و القوۃ یا ذا الشفاعۃ

یا ذا الرَّحمۃِ الواسعۃِ یا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنتَ الملِکُ المحمُودِ الکریمُ الموجُودِ والغفُورِ الوُدُودِ وما توفیقِی اِلَّا بِاللّٰہِ علیہِ توکّلتُ والیہِ اُنیبُ برحمتِکَ یَآ اَرحمَ الرّاحِمِینَ وصلّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی خیرِ خلقِہٖ سیّدِنا محمّدٍ وّاٰلِہٖ اجمعِین ۔

برائے حصول مرادات ہر قسم ؛ یہ رباعی پڑھیں

اے کریمِ لم یزل ؛ اے خالقِ شمس و قمر

داری زحالِ من خبر ؛ برحالِ ماکن یک نظر

برائے زیارت دیدار نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ؛ شب جمعہ میں سو بار پڑھے دعا یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ اللّٰھُمَّ رَبَّ البَلَدِ الحرامِ والشّھرِ الحرامِ والحِلِّ الحرامِ والرُّکنِ والمقامِ اِقرَاء علٰی روحِ سیّدِنا محمّدٍ صلّی اللّٰہُ تعالٰی علیہِ وسلّمَ مِنّا السّلامُ ۔

برائے حصول غنا و توانگری ؛ ہر روز بارہ بار یہ کلمات پانچوں نمازوں کے بعد پڑھا کرے یَا قَوِیُّ یَا غَنِیُّ یَا مَلِیُّ یَا وَفِیُّ ۔ اگر کسی کو ریاح زیادہ آتے ہوں یہ تعویذ لکھکر دھو کر پئے عزمت علیکُم یا معشرَ الجِنِّ والاِنسِ ادفعُوا جمیعَ البلاءِ والاٰفۃِ یا غفُورُ یا غفُورُ یا غفُورُ ۔

برائے تولد فرزند نرینہ ؛ آیہ کریمہ ولو انزلنا ھذا القراٰن علی جبل آخر سورہ حشر تک لکھکر عورت کے سامنے رکھا جائے ۔

برائے حُب: آیت کرسی چمیلی کے پھول یا کسی اور خوشبو پر دم کر کے دے محبت عظیم پیدا ہو۔

برائے تسخیر مجرّب ہے: یہ نقش سات عدد ذی قعدہ کے ماہ کے شروع چاند میں پہلے یکشنبہ یعنی اتوار کے روز صبح بعد طلوعِ آفتاب لکھے جائیں اور ہر روز ایک نقش روئی میں لپیٹ کر بتی بنا کر مٹی کے چراغ میں روغن تِل اور قدرے چمیلی کا تیل ڈال کر روشن کرے اور بتی کا رخ محبوب کے گھر کی طرف رہے ہر روز نیا نقش بتی بنا کر روشن کرتے رہیں انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم پورے نہ ہوں گے کہ مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہووے گا فلاں بن فلاں کی جگہ محبوب کا نام معہ والدہ لکھا جائے گا نقش یہ ہے ......

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

(درمیان میں: الحب / فلاں بن فلاں علی حب / فلاں بن فلاں یا بدوح)

زن وشوہر کی محبّت کے لئے

از اعلیحضرت فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ: اگر شوہر کو مطیع بنانا ہو تو عورت باندھے اور اگر عورت کو مطیع کرنا ہو تو مرد باندھے بازو پر۔ مندرجہ ذیل کا نقش لکھ کر نقش گلے میں ڈالے برائے تسخیر مجرب ہے نقش یہ ہے ......

لا الہ الا اللہ ١٥


عم اللہ مرد اللہ اللہ

٣٠٨١	٣٠٨٥	٣٠٨٨	٣٠٧٤
٣٠٨٧	٣٠٧٥	٣٠٨٠	٣٠٨٦
٣٠٧٦	٣٠٩٠	٣٠٨٣	٣٠٧٩
٣٠٨٤	٣٠٧٨	٣٠٧٧	٣٠٨٩

برائے تسخیر نامہربانوں کو مہربان کرنیکا :- سورۂ مزمل شریف کا
نقش جو حب و تسخیر جملہ امید کو مجرب
ہے نقش یہ ہے ←

۲۲۲۳	۲۲۱۸	۲۲۲۵
۲۲۲۴	۲۲۲۲	۲۲۲۰
۲۲۱۹	۲۲۲۶	۲۲۲۱

فتیلہ برائے حُب :- مندرجہ ذیل
نقش کا فتیلہ بنا کر مطلوب کے مکان
کے رُخ کی طرف چراغ روشن کرے یہ فتیلہ ایک گھنٹہ جلا کر بجھا دیں۔
عمل ہفتہ بھر کریں
نقش یہ ہے۔



سحد	ملح	ھو	مسلح
سمع	ملاع	ملح	امو
اسلح	سلیح	سلح	طلس

فلاں بن فلاں علی حبّ فلاں بن فلاں یا بنت فلاں بن فلاں

نیز یہ نقش مطلوب کے کپڑا پر بھی لکھا جاسکتا ہے جس کا نقش بنا کر اپنے
گلے میں ڈالے۔

حاکم مہربان کرنے کو :- یہ نقش مشک و زعفران سے لکھکر گلے میں
ڈالیں انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مہربان
ہوگا اور دشمن بھی زیر ہونگے
نقش یہ ہے ←

۶۵۹	۶۵۴	۶۶۱
۶۶۰	۶۵۸	۶۵۶
۶۵۵	۶۶۲	۶۵۷

دشمن کو دوست بنانے کے لیے :- مندرجہ ذیل نقش گلے میں یا

بازو میں باندھے مجرب ہے وہ نقش

یہ ہے ←

٢	٧	٦
٩	٥	١
۴	٣	٨

حب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں


واضح ہو کہ جہاں فلاں ابن فلاں لکھا ہے اس جگہ طالب کا نام مع ولدیت لکھا جائے گا اور جہاں فلاں بنت فلاں لکھا ہے وہاں مطلوب کا نام مع ولدیت لکھا جائے گا اور جہاں کہیں بھی کتاب میں علیٰ قلب لکھا ہے اس کے آگے مطلوب کا نام معہ ولدیت لکھنا چاہیئے۔

برائے حُب:- مندرجہ ذیل نقش لکھکر مطلوب کو پلائے حُب کے لئے مجرب نقش ہے نقش یہ ہے۔

٩	١٢	١٥	٢
١۴	٣	٨	١٣
۴	١٧	١٠	٧
١١	٦	٥	١٦

برائے تفریق و عداوت

اگر دو شخصوں کے درمیان جدائی منظور ہو تو اس کا پہنا ہوا کپڑا لے کر یہ نقش لکھے اور آگ میں ڈالے اس کا اور اس کی ماں کا نام بھی لکھے وہ نقش یہ ہے ←



لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

نمبر (٢):- دو شخصوں کے درمیان عداوت پیدا کرنا ہو تو وَ اَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ہر نماز کے بعد ستر (٧٠) بار پڑھے اور ہر دہائی کے بعد نام اس کا لے۔ اور اسی آیت کو لکھے اور اس کے آگے یہ عبارت لکھکر نقش بنا کر پرانی قبر میں دفن کردے وہ عبارت

یہ ہے۔ فلاں ابن فلاں درمیان فلاں ابن فلاں جدائی پیدا شود

(۳) مفردات سورۂ فیل برائے عداوت مفید ہے اس سورت کو لکھے دو ٹکڑے ایک مطلوب کے گھر میں دوسرا قبرستان میں دفن کرے مفردات یہ ہیں ال م ت ر ک ی ف ع ل ر

ب ک ب ا ص ح ا ب ل ف ی ل ا ل م ی ج ع ل ک ی

د ہ م ف ی ت ض ل ی ل و ا ر س ل ع ل ی ہ م ط ی

ر ا ا ب ا ب ی ل ت ر م ی ہ م ب ح ج ا ر ۃ م ن س ج

ی ل ف ج ع ل ہ م ک ع ص ف م ا ک و ل ۔ فلاں ابن فلاں

تفریق پیدا شود فلاں ابن فلاں۔

حفاظت برائے دشمناں: یہ نقش سرکار مفتیٔ اعظم ہند


بریلوی قدس سرہٗ کا مخصوص عطیہ ہے۔ موم جامہ کر کے گلے میں ڈالا جائے ←

۴۷۰۱	۴۷۰۴	۴۷۰۷	۴۶۹۴
۴۷۰۶	۴۶۹۵	۴۷۰۰	۴۷۰۵
۴۶۹۶	۴۷۰۹	۴۷۰۲	۴۶۹۹
۴۷۰۳	۴۶۹۸	۴۶۹۷	۴۷۰۸

یا حافظ یا حفیظ یا رقیب

یا سلام کھیعص حمعسق اللہ رب محمد صلی علیہ وسلم

ہر قسم کی بواسیر کو، گیہوں کے آٹے کی ٹکیہ پکا کر یہ نقش لکھ کر مریض کو ۷ یوم تک کھلائے نہایت مجرب ہے۔ نقش یہ ہے



نقش برائے دمہ: یہ نقش حضور مفتیٔ اعظم ہند بریلوی قدس سرہٗ

کا عطیہ ہے جو دمہ کے لیے نہایت
مفید ہے ایک ہفتہ پہنے سے
ان شاء اللہ تعالیٰ دمہ جاتا رہے
گا نقش یہ ہے ←

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

١١٠١٩ ١٦٥١

٢٢٩٦ع

٨	٥٧٩	٥٨٢	١
٥٨١	٢	٧	٥٨٠
٣	٥٨٤	٥٧٧	٦
٥٧٥	٥	٤	٥٨٣

ا ب ع ع بحرمۃ لا الٰہ الا اللہ محمد
رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وآلہ وصحبہ وسلم

خون حیض روکنے کو: یہ نقش

لکھ کر کمر میں باندھے نہایت
مفید ہے ←

یا قابض یا قابض

عہ	عہ	عہ	عہ
١٩	١٩	١٩	١٩
٩	٩	٩	٩
٧	٧	٧	٧

حیض و نفاس جاری کرنیکے لئے


اس نقش کو لکھکر موم جامہ کرکے
عورت کی بائیں ران میں باندھنا
مفید ہے نقش یہ ہے ←

یا قابض یا قابض

٧٨٦/٩٢

ی	م	ھ	ح
دہ	د	عد	١١٥
مرع	١١	١٥	دو
١٩	٢	٣	١١

نقش ہیں جملہ مقاصد کیلئے



یہ نقش موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھے ←

گمشدہ چیز اور چوری شدہ مال کیلئے مجرب عمل

٭ ردالمختار میں حضرت علامہ ابن عابدین سے افادہ ہے کہ جب کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے یا چوری چلی جائے اور وہ چاہے کہ خدا تعالیٰ اسے واپس لادے تو ایک بلند مقام پر قبلہ رو کھڑا ہو کر فاتحہ دلائے اور اس کا ثواب حضور محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہدیہ کر کے حضرت سید احمد علوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نذر کرے اور کہے یَاسَیِّدِیْ اَحْمَدُ یَااِبْنُ عُلْوَانَ اِنْ لَّمْ تُرَدَّ ضَالَّتِیْ وَاِلَّا نَزَعْتُكَ مِنْ دِیْوَانِ الْاَوْلِیَآءِ اور یہ نقش بھی اسے کسی پتھر کے نیچے دبا کر دے تو اور بھی بہتر ہے

خواجہ عبدالکریم مغربی

بستم ۱۱ ہ ۷۸۶ ب د ۷ ہ و

٣٧٨	٣٩٢	٣٨٨	٣٨٥
٣٨٩	٣٨٤	٣٧٩	٣٩١
٣٨٣	٣٨٦	٣٩٤	٣٨٠
٣٩٣	٣٨١	٣٨٢	٣٨٧

۷۸۶ ۲ لسیہ ۸ ۲ کہیعص

۲ لسیہ لحتم ۱۲ ا ۲ ہیعص ہ ا ۲۴

فرار شدہ کو واپس بلانے کا عمل

٭ یہ نقش لکھ کر کسی درخت یا گھر میں بانس گاڑ کر باندھے تاکہ اڑتا رہے فرار شدہ ان شاء اللہ

بستور را کلا خوب فلاں بن فلاں

۴۸	۵۱	۵۴	۴۰
۵۳	۴۱	۴۷	۵۲
۴۲	۵۶	۴۹	۴۶
۵۰	۴۵	۴۳	۵۵

بستور را کلا خوب فلاں بن فلاں

بستور را کلا خوب فلاں بن فلاں

بستور را کلا خوب فلاں بن فلاں

چند دن میں آجائے گا خاندانِ برکات کا یہ مجرّب نقش ہے۔

فرار شدہ کو واپس بلانے کا نقش

اگر کسی کا غلام وغیرہ بھاگ گیا ہو یہ نقش کاغذ پر لکھ کر پتھر کے نیچے دبائے انشاء اللہ تعالیٰ وہ جلد واپس آئے گا خاندان برکات مارہرہ شریف کا بےنظیر نقش ہے (اصح التواریخ)

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

بدّوح اور وہاب کا نقش جملہ اُمور کے لئے

۷۸۶/۹۲

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

یہ نقش جملہ اُمور کے لیے مجرّب ہے۔

نقش درود شفا: یہ نقش جملہ امراض کے لیے مفید ہے اس کو لکھ کر گلے میں ڈالیں یا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی دیگر اُمور کے لیے بھی مفید ہے وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶/۹۲

۶۶۱	۶۶۴	۶۶۷	۶۵۴
۶۶۶	۶۵۵	۶۶۰	۶۶۵
۶۵۶	۶۶۹	۶۶۲	۶۵۹
۶۶۳	۶۵۸	۶۵۷	۶۶۸

گلا پھولنے کا نقش

اس نقش کو لکھکر موم جامہ کرکے گلے میں باندھے اور پینے کے لیے بھی دیں مجرب ہے نقش یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ی	ف	ا	ش
شفاء	۳۰۱	۹	۸۱
۳۰۲	۳	۷۸	۸
۷۹	۷	۳۰۳	۲

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا ومولانا محمد وآلہ واصحابہ وبارک وسلم۔

برائے احتلام یہ نقش موم جامہ کرکے گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھے مجرب وآزمودہ ہے نقش یہ ہے

بحق ابا بکر صدیق	بحق عمر فاروق اعظم
بگریزد شیطان لعین	از ہیبت عثمان نیاید پیش تن ہیبت علی شیر خدا

در سوتے وقت شہادت کی انگلی سے اپنے دل پر عمر فاروق اعظم لکھ لیا کرے احتلام سے محفوظ رہے گا

حمل کی حفاظت کے لئے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ یہ نقش لکھکر کمر میں باندھے اگر ہرن کے سینے کی جھلی پر لکھا جائے تو بہتر ہے۔

نقش برائے دفع ام الصبیان ومسان اور جملہ روحانی جسمانی امراض

یاغفور	یاغفور	یاغفور
یاغفور	یاغفور	یاغفور
یاغفور	یاغفور	یاغفور

یہ نقش جملہ جسمانی و روحانی امراض کے لیے نافع ہے اس کو موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں اور تین ٹکڑے ایک صبح کو ایک دوپہر ایک شام اکیس۲۱ روز تک پلائیں نہایت مجرب ہے۔ واضح ہو کہ لکھنے پر واؤ اور ف کا پیٹ کھلا رہنا ضروری ہے۔

برائے آگ یا مضر بارش وغیرہ :۔ اگر بارش رک جائے یا کھیتیاں سوکھیں یا درخت سوکھنے لگیں تو یہ نقش مٹی کے کورے پیالے یا طباق میں سیاہ پاک روشنائی سے لکھ کر وہ پیالہ وغیرہ کسی بلند مقام پر رکھے یا لٹکاوے سب کے لیے مفید ہے ←

۷۸۶/۹۲

۱۰۲۶	۱۰۲۹	۱۰۳۲	۱۰۱۸
۱۰۲۱	۱۰۱۹	۱۰۲۵	۱۰۳۰
۱۰۲۰	۱۰۳۴	۱۰۲۷	۱۰۲۴
۱۰۲۸	۱۰۲۳	۱۰۳۱	۱۰۲۳

دفع یرقان :۔ آنکھوں وغیرہ میں پیلا پن ہونے کو یرقان کہتے ہیں اس سے شفا پانے کے لیے مندرجہ ذیل کی آیت کریمہ لکھ کر گلے میں ڈالے اور دھو کر پیے۔ وَاِنْ كُنْتُمْ فِیْ رَیْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ؕ پ ع ۳ (راحۃ التواریخ ج ۲)

عملِ آسانیِ ولادت :۔ یہ عمل بزرگان مارہرہ شریف کا عطیہ ہے جو درج ذیل ہے کہ جب عورت کو دردِ زہ لگیں تو ایک چینی کی پلیٹ پر لکھ کر عورت کے سر پر رکھے انشاء اللہ تعالیٰ جلد بچہ ہو عمل یہ ہے۔ کُوْدَا یَارَا سِیْرَ پَرْ دُھْرَا اِنْکِلْ پَڑی یا نکل پڑا۔ (راحۃ التواریخ صہ ۸۳ ج ۲)

زیادتی دودھ کے لیے: یہ نقش لکھکر عورت کے گلے میں ڈالے اور تین یوم تک دھوکر پلائے وہ نقش یہ ہے

۷۸۶/۹۲

۲	۱۱	۸	۱۳
۷	۱۴	۱	۱۲
۹	۴	۱۵	۶
۱۶	۵	۱۰	۳

(از حضور تاج العلماء مارہروی قدس سرہٗ)

برائے گریۂ اطفال: اگر بچہ کثرت سے روتا ہو تو یہ نقش لکھکر گلے میں باندھے نقش یہ ہے ا طط ا طا ا ط ھ ھ ھ ھ ھ ھ

(خاندان برکات صفحہ ۱۰۹)

بچہ گونگا یا ہکلا ہو: تو یہ آیت کریمہ لکھکر دھوکر پلائے شفا ہوگی مجرب ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِیْ ط اور یہ نقش موم جامہ کرکے گلے میں ڈالے غیر مسلم کو صرف نقش لکھکر دیا جائے آیت نہ لکھ کر دی جائے

۷۸۶/۹۲

۶۲۵	۶۲۸	۶۳۱	۶۱۸
۶۳۰	۶۱۹	۶۲۴	۶۲۹
۶۲۰	۶۲۳	۶۲۶	۶۲۳
۶۲۷	۶۲۲	۶۲۱	۶۳۲

(حضور تاج العلماء مارہروی قدس سرہٗ)

نقش سوزن برائے حفاظت حمل مجرب ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ وَاِذْ قَالَتِ امْرَأَتُ عِمْرَانَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ الٰہی بحرمۃ سورۂ یونس الٰہی بحرمۃ سورۃ ھود الٰہی بحرمۃ سورۂ یوسف الٰہی بحرمۃ سورۃ یٰسٓ الٰہی بحرمۃ سورۂ

مزمل الٰہی بحرمۃ سورہ والضحیٰ الٰہی بحرمۃ سورہ الم نشرح
الٰہی بحرمۃ سورہ قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ وَ
وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ وَلَاۤ اَنْتُمْ
عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ الٰہی بحرمۃ ایں آیا تہا آنچہ مسان ومسانی کہ در بدن
طفل فلاں بنت فلاں باشد دور شود فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ
الرّٰحِمِیْنَ ۝ استقرارِ حمل کے فوراً بعد تین ماہ اندر یہ نقش حاملہ کو پہنا دیا
جائے نقش لکھنے کے بعد سات سوئیاں اس میں پیوست کردے ہر سوئی
پر ۷ بار آیۃ الکرسی پڑھی جائے بعدہٗ لپیٹے موم جامہ کرکے تانبے کے
تعویذ میں رکھے اور اتنا لمبا ڈورا ڈال کر پہنیں کہ تعویذ ناف سے بھی دو
انگل نیچا رہے بچہ پیدا ہونے کے بعد غسل دیں کانوں میں اذان کہلوا کر
یہ نقش بچہ کے گلے میں ڈالدیں اور بزرگانِ دین خصوصاً حضور غوث اعظم
رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نیاز کرائیں۔

برائے درد جگر وگردہ : ان آیات کو پڑھکر گردہ وجگر کے مقام پر
دم کرے یا لکھکر دھو کر پیئے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ طٰهٰ ۝ مَاۤ
اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰۤى ۝ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ یَّخْشٰى ۝
تَنْزِیْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ۝ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى
الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۝

دفع درد طحال : اس آیت کو سات بار پڑھ کر تلی پر دم کرے بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ۬ وَ

وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا اور پھر یہ دعا پڑھے يَا طَحَالُ ارْجِعْ عَلٰى مَكَانِكَ بِحَقِّ سَيِّدِنَا اَبِيْ بَكْرِنِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ۔

لڑکی کا پیغام آنے کے لئے :۔ ہر روز سورۃ اخلاص شریف پڑھے

برائے مرگی :۔ دفع کے لیے جب مرگی آئے اس وقت مریض کی پیشانی پر لکھے عسج عسج عسج

برائے ادائیگی قرض :۔ اَللّٰهُمَّ يَا فَارِجَ الْهَمِّ وَيَا كَاشِفَ الْغَمِّ وَيَا مُجِيْبَ دَعْوَاتِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَرَحِيْمَ الْاٰخِرَةِ ؕ اَسْئَلُكَ اَنْ تَرْحَمَنِيْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِكَ تُغْنِيْنِيْ عَمَّنْ سِوَاكَ ۔ کم سے کم ایک تسبیح روزانہ پڑھے اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے مجرب المجرب ہے۔

اسمار اصحاب کہف :۔ ڈوبنے، جلنے چوری مکان سے جن و آسیب دفع ہونے کے لیے دیوار پر یہ اسماء گرامی لکھ کر ٹانگے اور بچوں کے گلے میں بھی ہر بلا سے محفوظ رہنے کے لیے ڈالے اسماء الحسنیٰ یہ ہیں یملیخا ۔ مکسلمینا ۔ مرطونش بیتونس ۔ ساربینونس ۔ ذونوانس ۔ کشفیط ۔ طنوتس ۔ اگر کسی مکان میں آگ لگی ہو تو یہ اسماء کپڑے پر لکھ کر ڈال دیئے جائیں تو آگ بجھ جاتی ہے۔ بخار سر درد ۔ ام الصبیان ۔ خشکی و تری کے سفر میں جان و مال کی حفاظت عقل کی تیزی قیدیوں کی آزادی کے لیے تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں۔

(خزائن العرفان ص ۳۵۲)

ایمان پر خاتمہ: جو شخص سونے سے قبل طَیفُورُ ابنُ عیسٰی پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ ایمان پر خاتمہ ہوگا اور دوزخ سے نجات ملے گی۔

جس کی اولاد نہ جیتی ہو: وہ اجوائن پر اور کالی مرچ پر سورۃ والشمس چالیس بار پڑھ کر دم کرے اور شروع حمل سے برابر کھلائے

(دیگر) برائے مقدمہ: یہ نقش مشک زعفران سے لکھے اور جب مقدمہ کی تاریخ پڑھے تو اسے دھونی دے کر گلے میں ڈال کر حاکم کے پاس جاوے اور آنے پر پھر دھونی دے کر گھر میں ٹانگ دے اور تاریخ پر اسی طرح سے کرے انشاء اللہ مقدمہ میں فتح ہوگی وہ نقش یہ ہے......

☆	و	ھ	IIII	II	م	III	☆
III	☆	و	ھ	IIII	II	م	III
م	III	☆	و	ھ	IIII	II	م
II	م	III	☆	و	ھ	IIII	II
IIII	II	م	III	☆	و	ھ	IIII
ھ	IIII	II	م	III	☆	و	ھ
و	ھ	IIII	II	م	III	☆	و
☆	و	ھ	IIII	II	م	III	☆

برائے نظر بد مویشی

یہ نقش لکھکر موم جامہ کر کے بھینس وغیرہ کے گلے میں باندھے جب کہ نظر بد کی شکایت ہو مجرب ہے

و	ھ
ی	ط

زیادتی عقل: کے لیے اگرچہ مادر زاد احمق ہو یہ طلسم مشک و زعفران

سے لکھکر کھلائیے (خاندان برکات ص۱۱۲) ط ۱۱۱ ۱۱ ع ۱۱ ۴ ۱۱۱ ع ع ط


عمل برائے استقامت قلب: قطب عالم سرکار سید شاہ ابوالحسین نوری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ استقامت قلب کے لیے ہر نماز فرض کے بعد گیارہ مرتبہ یہ ورد کرے جو بیشمار فوائد پر بھی مشتمل ہے۔ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ دِلِ مارا کُن مستقیم بحقِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ (سراج العوارف ص۸۲)

برکاتی گوہر

مندرجہ ذیل کا عمل خاندان برکات مارہرہ مطہرہ کا مخصوص عمل ہے جو اصح التواریخ جلد دوم ص۱۹ پر تحریر ہے تمام ضروریاتِ زندگی کیلئے بیش گوہر ہے دولت قدموں پر ہوگی حاجت مندوں کا میلہ رہے گا وہ امراض جن سے اطباء عاجز ہوں ان سے شفا ہوگی غرض دینی دنیوی تمام مقاصد خیر کے لیے تیر بہدف ہے جس کی اجازت حضور تاج العلماء قدس سرہٗ العزیز مارہروی نے ہر سُنی مسلمانوں کو دی ہے پرہیز جمالی جلالی شرط ہے ان اسماء معظمہ کے پڑھنے کا جو طریقہ امیر کشورِ ولایت زبدۃ الواصلین حضور سید شاہ حمزہ مارہروی قدس سرہٗ نے جو تحریر فرمایا ہے وہ آسان ہے لہذا اسی کو تحریر کیا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ ان اسماء معظمہ و حروف مکرمہ وغیرہ پرہیز کے ساتھ ستر مرتبہ بعد نماز فجر

یا بعد نمازِ عشا پڑھا کرے یا تین سو ساٹھ ۳۶۰ مرتبہ یا سات مرتبہ کم از کم ایک بار پڑھا کرے۔

اور اگر چلّہ مقصود ہو تو ایک چلّہ تک پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ ہر شب ہزار مرتبہ پڑھے جب چلّہ پورا ہو جائے گا تو پھر بطریق وِرد اوپر کی تعداد کے مطابق پڑھتا رہے۔ وہ اسماءِ معظمہ یہ ہیں اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاصْحَابِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ شَذَایُو۔ لَذَہَعَا۔ ذُوشَا۔ مَنُوعًا۔ عَالِمًا۔ طَبُوثُونَا شَیِلْخَا۔ مَلِیخَا۔ مَلْخُومَا۔ وَیَاقَیُّومَا۔ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَحٰمٓ عٓسٓقٓ۔



نقش مبارک شجرہ شریف

مندرجہ بالا نقش جملہ دینی و دنیوی حالات کو مفید ہے۔ اس کو گلے

میں ڈالیں یا فریم کرا کر مکان، دوکان میں لگا دیں نہایت مجرّب ہے۔

(حضرت تاج العلماء قدس سرّہٗ)

حاضرات کا بے نظیر تحفہ :۔ اس عمل کی اجازت زبدۃ العارفین شاہ حیدر علی شاہ صاحب شیری النقشبندی علیہ الرحمہ کے پوتے حضرت نادر علی شاہ صاحب شیری پیغمبر پوری علیہ الرحمہ سے اجازت ہے۔

حاضرات کرنے والا سُنّی متصلب نماز جماعت کا پابند پاک وصاف باوضو ہو بخورات سلگا کر ایک طفل آٹھ نو سالہ پاک وصاف کو قبلہ رو بٹھائے اور عطر وغیرہ اس کو لگائے۔ کالی سیاہی کو بچے کے داہنے انگوٹھے کے ناخن پر لگائے (یاد رہے سیاہی چمکدار و گاڑھی ہو پتلی نہ ہو) اور اس بچہ کو تنبیہ کر دے کہ نگاہ ناخن پہ ہی جمائے رکھے ادھر ادھر نہ دیکھے اس کے بعد یہ عزیمت پڑھے اول وتن بار درود شریف پھر اس کے بعد مع بسم اللہ ۳ بار یا سات بار پڑھے عزیمت یہ ہے ھُوَ الاُسَامَۃُ سرِنَاھُوَ یَاکَرِیْم۔ یَاکَرِیْم۔ یَاکَرِیْم۔ یَاکَرِیْم۔ یَاکَرِیْم۔ یَاکَرِیْم۔ یَاکَرِیْم۔

پڑھ کر بچہ کے چہرہ و دل پر پھونکے چند لمحے بعد بچہ کو ایک دروازہ نظر آئے گا بچہ کو حکم دے کہ دروازہ کھولو بچہ کے حکم دینے پر دروازہ کھل جائے گا پھر ایک جاروب کش آئے گا جھاڑو دیکر چلا جائے گا پھر بھشتی آئے گا چھڑکاؤ لگائے گا اس کے بعد کرسیاں بچھیں گی ان کرسیوں پر موکل اور بادشاہ آکر بیٹھے گا لڑکے سے کہے کہ بادشاہ

کو السلام علیکم کرے بادشاہ سلام کا جواب دیگا اس کے بعد سوال سائل بچہ کے ذریعہ بادشاہ کے سامنے رکھے بادشاہ اس کو حل کرے گا یا طریقہ بتائے گا اگر جن و آسیب سے متعلق سوال ہو تو کہے کہ جن یا آسیب کو حاضر کر اکر جلاؤ (لیکن اس آواز کو بچہ ہی سن سکیگا مقدمہ قید، تجارت، آسیب و جن، دشمنی، بیماری، چوری، فرار شدہ، غائب شدہ، نحوست سیارگاں کا حل وغیرہ کے لیے مجرب المجرب ہے آزمودہ ہے اس کے بعد درود شریف پڑھکر السلام علیکم کر کے ختم کرے پھر فاتحہ حضور غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ و اربع سلاطین کی دلائے (نوٹ :- تین سوال سے زیادہ نہ کئے جاویں)

بچہ دودھ نہ پیتا ہو پینے لگے گا :- مندرجہ بالا نقش کو لکھکر پینے کو دے نقش ماں کے دودھ میں دھوکر پلائے جائیں گے (نوٹ) قاف اور واؤ اور میم کے دہانے کھلے رہیں گے) مجرب ہے نقش یہ ہے......

قیوم	قیوم	قیوم	قیوم
قیوم	قیوم	قیوم	قیوم

نقش سیفی :- یہ نقش مکرم حضرت مولائے کائنات علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے جن و آسیب سحر ام الصبیان اور دشمن کو ہلاک کرنے و دشمن کو زیر کرنے میں اپنی نظیر آپ ہے جس شخص کے پاس ہو اس پر کسی قسم کا جادو وغیرہ اثر نہ کرے، مجرب المجرب

عمل اس عمل حاضرات کو اگرچہ بعض علماء نے بہتر نہیں جانا ہے۔ (مظفر عفی عنہ)

نقش یہ ہے ←

۶۸۶/۹۲

۱۶۵۱۸	۱۶۵۲۱	۱۶۵۲۵	۱۶۵۱۱
۱۶۵۲۴	۱۶۵۱۲	۱۶۵۱۷	۱۶۵۲۲
۱۶۵۱۳	۱۶۵۲۷	۱۶۵۱۹	۱۶۵۱۶
۱۶۵۲۰	۱۶۵۱۵	۱۶۵۱۴	۱۶۵۲۶

بینظیر عمل آیۃ الکرسی

قطب عالم سلطان العاشقین امام سلسلۂ برکاتیہ سید شاہ برکت اللہ مارہروی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نادِ علیاً مظہر العجائب تجدہ عوناً لک فی النوائب کل ہم و غم سینجلی بنبوتک یا رسول اللہ و بولایتک یا علی یا علی یا علی۔

حضرت اسد العارفین امام الواصلین سید شاہ حمزہ مارہروی علیہما الرحمہ کا آیۃ الکرسی کا یہ فرمودہ عمل ہے جو ہر نماز کے بعد مندرجہ ذیل ترتیب کے ساتھ پڑھے عجیب وغریب فوائد پر مشتمل ہے وہ یہ ہے کہ آیۃ الکرسی اس طرح پر پڑھکر ہر وقف پر ایک انگلی بند کرے سیدھے ہاتھ کی چھنگلی سے شروع کرے اور الٹے ہاتھ کے انگوٹھے ختم ہو جب دس انگلیاں بند ہوجائیں تو تین تین بار سورۂ اَلَمْ نَشْرَح، سورۂ اخلاص، پھر درود شریف پڑھکر آسمان کی طرف دم کرے اس کے بعد سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ بسم اللہ کی میم کو لام اَلْحَمْدُ میں ملائے اور جب آمین کہے تو ایک انگلی کھولدے اسی طرح دس بار پڑھے اور ہر بار ایک انگلی کھولتا جائے جب سب انگلیاں کھل جائیں تو اپنے ہاتھوں پر دم کرکے تمام بدن پر ملے اگر محبت مقصود ہے اور وسعت رزق مطلوب ہے تو یَشْفَعُ عِنْدَہٗ کی دونوں عینوں کے

درمیان تصور محبوب اور وسعت رزق کا خیال کرے اور اگر دشمنوں کو مغلوب کرنا
ہو تو یعلم مابین کی دولتوں میموں کے درمیان تو مغلوبی دشمناں کا خیال رہے۔
(کاشف الاسرار شریف)
توشہ اصحاب کہف:۔ جب کوئی شخص کسی مصیبت میں پھنسے تو اصحاب
کہف کا توشہ مانے جب حاجت پوری ہو جائے تو توشہ پکائے اور سات نیک لوگوں
کی جو حقہ نہ پیتے ہوں دعوت کرے اور ایک کالے کتے سے دن میں کہہ دے
کہ قطمیر آج ہمارے گھر تیری دعوت ہے فلاں وقت فلاں جگہ آنا انشاء اللہ تعالےٰ
وقت مقررہ پر کتا اس کے گھر آجائے گا اسے پوری خوراک دے۔
تسخیر کے لئے تیر بہدف تحفہ:۔ یہ عمل امام اہل سنت اعلحضرت الشاہ
احمد رضا خان صاحب نور اللہ مرقدہٗ کے جد اعلیٰ سے سینہ بہ سینہ چلا آرہا ہے
چٹکی سا بھر یا نمک لاہوری لیکر اس پر الجبار ایکبار یا ودود پڑھکر دم کرے
اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار بفضلہ تعالیٰ جو اس کو کھائے گا فرمانبردار
ہو گا محبت میں مبتلا ہو گا جس کی نیت سے پڑھے گا اس پر اثر ہو گا۔
نوٹ:۔ یہ نمک ہرگز ہرگز زمین پر نہ گرنے پائے۔
دعاء مجرب:۔ از حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب حاجت
پیش آئے یا درد ہو تو تین مرتبہ یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ لَھَا وَ لِکُلِّ
عَظِمَةٍ فَفَرِّجْھَا عَنِّیْ ۔ (تاج العلماء مارہروی)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ و نور عرشہ سیدنا و مولانا
محمد و آلہ و اصحابہ و بارک وسلم ۔
کتبہٗ فقیر قادری مظفر احمد عفی عنہ
خادم درگاہ قادریہ منوریہ و دار الشفا قادری داتا گنج ماہ فاخر اواخر ربیع الاٰخر ۱۴۰۳

نسخہ جات

ھُوَالشّافی

دردِ گردہ

حجر الیہود (ا تولہ)، شورا قلمی (ا تولہ)، ریوند چینی (۶ ماشہ)، سنگ سرماہی (۶ ماشہ)، تخم شبت (میٹھی) (۶ ماشہ)، تخم کرفس (۶ ماشہ)، اجوائن دیسی (۳ ماشہ)، حب کاکنج (۶ ماشہ)، دار فلفل (چھوٹی پیپل) (۳ ماشہ)، کلتھی (ا تولہ)، زیرہ سیاہ (ا تولہ)، زیرہ (ا تولہ)، سہاگہ چوکیہ بریان (ا تولہ)، نوشادر (ا تولہ)، نمک (ا تولہ)، نمک لاہوری (ا تولہ)، جواکھار (جو کا نمک) (ا تولہ)، تخم ترب (مولی کا بیج) (ا تولہ) کوٹ چھان کر سفوف بنالیں

خوراک :- صبح و شام ۶-۶ ماشہ تازہ پانی سے۔

برائے جریان

نسخہ از اسد العارفین شاہ حمزہ مارہروی قدس سرہٗ

گوند ببول پسا ہوا (۶ ماشہ)۔ نشاستہ بریاں (۳ ماشہ)۔ (ترکیب) شکر ڈالیں جب جوش آئے نیچے اُتار کر ببول کا گوند و نشاستہ اوپر سے چھڑک دیں پھر چمچہ سے حل کریں پھر تھوڑا مکھن اوپر سے ڈال کر ڈھک دیں جب ٹھنڈا ہوجائے تو پی لیں بوقت صبح یہ عمل کریں۔ پندرہ بیس روز جاری رکھیں۔

حلوہ مقوّی دماغ

گاجر (۲ سیر)، چھوہارہ (پاؤ بھر)، دودھ (۲ سیر) میں دونوں پکا کر پیس لیا جائے، آٹا نخود بریاں (۵ تولہ) (اس قدر کہ خاص ہو)

میدہ گندم بریاں ، قند سفید ، زردی بیضہ مرغ ، پانی میں جوش کی ہوئی
۵ ر تولہ ، نصف پاؤ ، ۶ ر عدد

مغز بادام ، مغز پستہ ، مغز چلغوزہ ، مغز خندق ، کھوپرہ ، چرونجی ،
۱ ر تولہ ، ۱ ر تولہ ، ۱ ر تولہ ، ۱ ر تولہ ، ۱ ر تولہ ، ۱ ر تولہ

ثعلب مصری ، دار چینی ، سونٹھ ، گلنجن -
۱ ر تولہ ، ۶ ر ماشہ ، ۶ ر ماشہ ، ۶ ر ماشہ

برائے اختلاج قلب :- خمیرہ مروارید ، شیر بادیان ، عرق گاؤزبان
۵ ر ماشہ ، ۵ ر ماشہ ، ۱۲ ر تولہ

کشمش سیر ، شربت بتلوفر ، حل کرکے صبح وشام استعمال کریں - خوراک ۶ ماشہ
۱۱ ر دانہ ، ۴ ر تولہ

برائے مرگی :- مویز منقی ، شہد خالص ، زنجبیل (سونٹھ) ، عود صلیب ،
۵ ر ماشہ ، ۵ ر تولہ ، ۴ ر ماشہ ، ۷ ر دانہ

مصطگی ، حلیت (ہینگ) - لعوق بناکر ۸ ۴ ر ماشہ استعمال کریں -
۳ ر ماشہ ، ۷ ر ماشہ

برائے قوت باہ :- سونٹھ فلفل سیاہ ، پیپل ، دارچینی ، آملہ ، بہیڑہ ،
۳ ر ماشہ ، ۱۰ ر ماشہ ، ۱۰ ر ماشہ ، ۱۰ ر ماشہ ، ۱۰ ر ماشہ ، ۱۰ ر ماشہ

چیتہ لکڑی ، زراوند ، موچرس ، ثعلب ، چلغوزہ ، بابونہ ، نارجیل (ناریل) ،
۱۰ ر ماشہ ، ۱۰ ر ماشہ ، ۱۰ ر ماشہ ، ۱۰ ر ماشہ ، ۱۰ ر ماشہ ، ۱۰ ر ماشہ ، ۱۰ ر ماشہ

تخم بابونہ ، مویز (منقی) ، شہد خالص میں ملاکر معجون بنالیں . خوراک ۷ ماشہ
۵ ر ماشہ ، ۳۰ ر دانہ ، سہ چند

کافی چورن: زیرہ سفید نیم بریاں، سونٹھ، مرچ سیاہ، نمک سیاہ،
۱½ چھٹانک   نصف چھٹانک   ۴ر تولہ   ۱ر تولہ
پودینہ خشک، دھنیا، بادیان، پیپل خورد، ٹانٹری، نوشادر، سرخ الائچی،
نصف چھٹانک   نصف چھٹانک   نصف چھٹانک   آدھ چھٹانک   ۴ر تولہ   ۱ر تولہ   ۴ر تولہ
قدرے شکر ملا کر کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ خوراک ۶-۶ ماشہ صبح و شام۔

خون حیض بند کرنیکے لئے: تال مکھانہ بریان، کہڑ اچھال، کہربا شمعی
۶ر ماشہ   ۶ر ماشہ   ۶ر ماشہ
تیس، گیرو، مازو، بڑی مائیں، لودھ پٹھانی، رسوت، سنگ جراحت،
۶ر ماشہ   ۶ر ماشہ   ۶ر ماشہ   ۶ر ماشہ   ۶ر ماشہ   ۶ر ماشہ   ۶ر ماشہ
چنیہ گوند، کاکڑا سینگی۔ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ خوراک ہمراہ آب سرد
۶ر ماشہ   ۶ر ماشہ
۶ر ماشہ۔ **پرہیز**: گرم اشیاء سے۔

برائے سیلان الرحم: تخم لاجونتی، ثعلب مصری، تخم تالمکھانہ،
۲ر تولہ   ۲ر تولہ   ۲ر تولہ
مائیں خورد، مائیں کلاں، گلنار فارسی، کشنیز، سورنجان شیریں،
۱ر تولہ   ۱ر تولہ   ۱ر تولہ   ۱ر تولہ   ۱ر تولہ
شکر سفید۔ خوراک ۴ر تولہ
آدھ سیر

ریاحی درد خصوصاً عرق النساء

اسارون، زنجبیل، زیرہ سیاہ

۶ تولہ ۶ تولہ ۶ تولہ

فلفل، سنا مکی، عسل خالص (شہد)، سورنجان شیریں۔

تولہ ۳ تولہ سہ چنداں ۶ تولہ

حیض جاری کرنے کو

تخم خیارین، تخم خربزہ، گوکھرو خورد،

۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ

ردنہ، عنب الثعلب خشک (مکو)، پرسیاؤشاں، مشکطرامشیع، بوئے

ماشہ ۶ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ

دران (برنجاسف)، گرچ بالائے نیم، یاد اورد۔

۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ

ب کو پانی میں بھگو کر صبح کو چھان کر سکنجبین (۶ ماشہ) بزوری سے حل کر کے پلائیں۔

یادتی سے پیشاب آنا

کندر (گوند)، سلیخہ (تج)،

سعد کوفی (ایک جڑ ہے)، کولنجان، زیرہ کرمانی (سفید زیرہ)، شاہ بلوط،

ب الآس، دھنیہ خشک، شہدانہ۔ جملہ ادویہ مساوی (برابر برابر) کوٹ چھان کر

سفوف بنائیں۔ خوراک ۶ ماشہ آب سرد۔

پیرٹ کے جملہ امرض کو | مندرجہ ذیل نسخہ

پیرٹ کے جملہ امراض کے لئے مفید ہے، آنتوں کو مضبوط کرتا ہے قوت ہاضمہ کا فعل قوی کرتا ہے۔

زہر مہرہ ، صدف صادق (کچی سیپ) چورا یاقوت ، چورا زمرد ،
۳ر ماشہ ۶ر ماشہ ۶ر ماشہ ۶ر ماشہ

چورا لعل بدخشانی ، شاخ مرجان ، عقیق سرخ ، کہربائے شمعی ، زعفران
۶ر ماشہ ۶ر ماشہ ۶ر ماشہ ۶ر ماشہ ۳ر ماشہ

درعرق کیوڑہ دو آتشہ ، ورق نقرئی ، صفیر فارسی (پہاڑی پودینہ)
ان ادویہ کو عرق کیوڑہ میں کھرل کریں۔
ایک پاؤ ۵۰ر عدد ۶ر ماشہ

پودینہ خشک ، قرنفل ، دانہ الائچی کلاں ، دانہ الائچی سفید ، زنجبیل خشک ،
۶ر ۶ر ۶ر ۶ر ۶ر

پیپل خورد ، نرکچور ، بادیان ، زیرہ سفید ، سنگدان مرغ ،
۲ر ماشہ ۶ر ۱ر تولہ ۹ر ماشہ ۹ر ماشہ

دارچینی ، تخم قلمی ، آملہ ، تیزپات ، فلفل سیاہ ، قند سفید ،
۹ر ماشہ ۳ر ماشہ ۹ر ماشہ ۹ر ماشہ ۹ر ماشہ ۱ر تولہ

درعرق بادیان قوام نمودہ ادویات مذکورہ بالا پاؤ تک ، پہاڑی پودینہ سے

فلفل سیاہ تک کی ادویہ کو کوٹ چھان کر ایک سیر شکر کا عرق بادیان میں

قوام بنا کر کوٹ چھنی ادویہ کو قوام میں ملا کر بعدہٗ کھرل شدہ دوا تقریباً
تونی بھر ڈال کر حل کر کے صبح و شام ایک ایک چمچہ کھائیں۔

پرہیز:۔ ترش، بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔

واز بیٹھ جانا - کھانسی کو

مرچ سیاہ، پیپل خورد،
۷ ماشہ ۷ عدد

کباب خنداں، زعفران، لونگ، دار چینی، مصری یا شکر، عرق بنگلہ پان
ایک ماشہ ا ماشہ ا ماشہ ا ماشہ ا ماشہ ۳ ماشہ

ں چنے برابر گولیاں بنائیں اور منہ میں ڈال کر چوسیں۔

سرفہ یابس یعنی خشک کھانسی

مغز بادام شیریں،
۲ تولہ

مغز کدو شیریں، ببول کا گوند، کتیرہ، نشاستہ، رب السوس،
۲ تولہ ۲ تولہ ا تولہ ا تولہ ا تولہ

باب بہہ دانہ، قند سفید،
ا تولہ ایک پاؤ

سب ملا کر لعوق بنائیں چار ماشہ صبح کھائیں۔

نوٹ: تفصیلی معلومات کے لیے امراض کے سلسلے میں تفصیلی
گفتگو کے لیے مؤلف رسالہ ھذا کے دار الشفا
دہلی کی طرف رجوع کریں۔ فقط

تمت بالخیر

حکیم الاسلام طوطیٔ ہند مولانا الحاج علامہ مفتی حکیم مظفر احمد صاحب شیخ الجامعہ مدظلہ العالی کی تصنیفات

نوری تقریریں 5/0
سیف مظفری وہابیہ کے اعتراضات کے جوابات 3/50
احوال کربلا 2/50
حلیۂ مصطفےٰ حضور کے سراپا مبارک پر مع حوالجات کتب بہترین کتاب 2/0
مہر درخشاں 1/50
تبلیغی جماعت اپنے آئینہ میں۔ 1/50
مفتاح راہ مستقیم حضور کے والدین کے جنتی ہونے کا بیان 2/0
سیف ربانی بر جید قادیانی 1/50
بیاض نوری عملیات 2/0
حیات صاحب البرکات 2/50
سوانحعمری حضور سلطان العاشقین قطب عالم سید شاہ برکت اللہ مارہروی قدس سرہٗ

جیلان کا تاجدار .../50
نورانی حکایات سیرت پاک پر بے نظیر کتاب 5/50
تذکار نبوی سیرت پاک پر بے نظیر کتاب .../50
برکات نماز گلزار شریعت اول 1/50 دوم 2/50
ظفر الحق عقائد پر بہترین کتاب ہے .../50
جماعت اسلامی اپنے آئینہ میں .../50
[illegible] الوہابیین وہابیہ دیوبندیہ کے عقائد کی تردید .../75
نغمات مظفر حصہ اول 2/00
[illegible] کا مجموعہ دوم 2/00
[illegible] -/50
[illegible] کے پروانے یعنی راویان حدیث پر بے نظیر کتاب 5/50

ملنے کے پتے

(۱) مکتبہ رضویہ منوریہ جامعہ مظفریہ برکات العلوم داتا گنج ضلع بدایوں یوپی
(۲) مکتبہ الحبیب جامعہ حبیبیہ مسجد اعظم ۱۶۰ اتر سوئیاں الہ آباد

آل انڈیا تبلیغ سنت جماعت کی دینی سرگرمیوں میں حصہ لیکر اکتساب فیض و نور کیجئے۔ مفصل معلومات کے لئے جامعہ مظفریہ داتا گنج ضلع بدایوں سے رابطہ قائم کیجئے اور اپنے اپنے مقام پر شاخ قائم کیجئے (ناظم نشر و اشاعت)